# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

## Date: 07-August-2026

## Time : 12:30 / PM

^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
دوپہر کے **12** بجکر **30** منٹ ہوئے ہیں۔
خبروں کا بلیٹن لے کر میں اعجازہ اختر۔

.......................................................................................

ہینڈلوم

آج ملک بھر میں قومی ہینڈلوم ڈے منایا جارہا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے آج راشٹرپتی بھون کے کلچرل سینٹر میں وزارت ٹیکسٹائل کی طرف سے ایک تقریب منعقد ہورہی ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی صدارت میں منعقد ہورہی اس تقریب میں سنت کبیر ہینڈلوم ایوارڈس اور سال **2025** کے قومی ہینڈلوم ایوارڈس بھی عطا کئے جارہے ہیں۔ دریں اثناء وزیراعظم نریندر مودی نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ جوش وخروش کے ساتھ قومی ہینڈلوم ڈے منائیں اور بھارتی ہینڈلوم مصنوعات کی خریداری کو فروغ دینے میں اہم رول ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ **7** اگست **1905** کو شروع ہونے والی سودیشی تحریک نے ملک کی جدوجہد آزادی میں اہم کردار ادا کیا تھا۔

LG ہینڈلوم

قومی ہینڈلوم ڈے کے موقعے پر لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ آج کے دن ہم اپنے بُنکروں اور کاریگروں کی گوناگوں دستکاری صلاحیتوں کو **Celebrate** کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ طبقہ دستکاری روایات کو تحفظ دینے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کاریگروں کو بااختیار بنانے کے عزم کو دہرایا۔

ایل جی ملاقات

ایک کاریگر عبدالقیوم وانی نے کل لوک بھون جموں میں لیفٹننٹ گورنرمنوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور ہاتھ سے بنائے گئے چین سٹچ دستکاری کو فروغ دینے سے متعلق معاملات ان کی نوٹس میں لائے۔**Musuada** فاؤنڈیشن کے چیئرمین عمر بٹ کے علاوہ ٹورسٹ ٹریڈ انٹرسٹ گلڈ کے چیئرمین ظہوراحمد کرنائی بھی ایل جی سے ملاقی ہوئے۔اسی دوران اوڑی سے تعلق رکھنے والے بی جے پی کے ایک وفد نے راجا وقار کی قیادت میں ایل جی سے ملاقات کی۔ آرٹیفشل لمبس میونیوفیکچرنگ کارپوریشن آف انڈیا**ALIMCO** کے چیئرمین اینڈمنیجنگ ڈائریکٹر پروین کمار نیزسنت شری بالک یوگیشورداس جی مہاراج نے بھی لیفٹننٹ گورنرمنوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

ٹائیگو رخراج

وزیرداخلہ امت شاہ نےنوبل انعام یافتہ رابندرناتھ ٹائیگورکوان کی برسی پرخراج عقیدت اداکیاہے۔ایک سوشل میڈیاپوسٹ میں انہوں نے کہاکہ رابندرناتھ ٹائیگورنےقومی ترانہ ’’جنہ گنہ منہ‘‘تخلیق کیاجوملک کی یکجہتی اوروقارکی عظیم نشانی ہے۔لیفٹننٹ گورنرمنوج سنہانےبھی نوبل انعام یافتہ گوروديورابندرناتھ ٹائیگورکوان کی برسی پرخراج عقیدت اداکیاہے۔ایک سوشل میڈیاپوسٹ میں ایل جی نے انہیں ترقی یافتہ دانشوراورتعلیم دان قراردیا۔ایل جی نےمزیدکہاکہ رابندرناتھ ٹائیگورکےاصول امن،اخوت اورآپسی بھائی چارے کی روایات کوتقویت بخشنے میں لوگوں کوترغیب دیتی رہیں گی۔

میزائیل ٹیسٹ

بھارت نےکامیابی کےساتھ چندی پوراڈیشہ سے**Medium Range** بیلسٹکمیزائل **Agni-4** کولانچ کیاہے۔یہ میزائل ٹیسٹ سٹریسجک فورسزکمانڈ کےتحت عمل میں لایاگیا۔وزارت دفاع نےکہاہےکہ اگنی **4** میزائل کوکامیابی سےلانچ کرناملک کی دفاعی صلاحیتوں میں سنگ میل کی حیثیت رکھتاہے۔وزیردفاع راجناتھ سنگھ نےسٹریسجک فورسزکمان اور**DRDO** کواس کامیابی کیلئےمبارکبادی ہے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت جموں وکشمیر کے تمام علاقوں میں دیر پا، شمولیاتی اور عوام دوست بنیادی ڈھانچہ قائم کرنے کی وعدہ بند ہے۔جموں میں کل مکانات وشہری سیکٹر کے **60** کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح وسنگ بنیاد رکھنے کے بعدوزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان پروجیکٹوں کو جلد از جلد مکمل کیا جانا چاہیئے۔اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر کما چودھری، کئی ارکان اسمبلی اور مختلف محکموں کے متعدد اعلیٰ افسران بھی وزیر اعلیٰ کے ہمراہ تھے۔

تاریگامی

ماحولیات سے متعلق قانون ساز اسمبلی کی کمیٹی کی ایک میٹنگ اس کے چیئرمین محمد یوسف تاریگامی کی صدارت میں منعقد ہوئی۔اس موقعے پر **Geology and Mining** محکمے کے کام کاج کا جائزہ لیا گیا۔کمیٹی نے کہا کہ جموں وکشمیر میں غیر قانون کان کنی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کی جانی چاہیئے۔

رجسٹریشن

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ نے جموں وکشمیر کے اُبھرتے ہوئے فلم سازوں کی حوصلہ افزائی کیلئے **IFFJK Emerging film makers compettion 2026** کا اعلان کیا ہے۔یہ مقابلہ جموں وکشمیر کے پہلے بین الاقوامی فلم میلے کے ایک حصے کے طور منعقد ہوگا۔مقابلے میں شرکت کیلئے رجسٹریشن کا عمل کل سے شروع ہوا۔مقابلے میں حصہ لینے والوں کیلئے عمر کی حد **18** سے **39** سال مقرر کی گئی ہے۔شرکاء کے پاس جموں وکشمیر کی ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کا ہونا لازمی ہے۔خواہشمند افراد **www.iffjk.org** پر اپنی رجسٹریشن کرسکتے ہیں۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے احسن طریقے پر جاری ہے۔بھگوتی نگر جموں سے آج **926** یاتریوں پر مشتمل **29** واں قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا۔

ڈی سی سرینگر

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشئے لابرو جو ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین بھی ہیں، نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں عملائے جا رہے ناگہانی آفات سے نمٹنے کے منصوبے کا جائزہ لیا۔انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ دریائے جہلم کے باندھوں کو مضبوط کرنے اور شہر سرینگر میں سیلاب سے بچاؤ کیلئے تمام تر اقدامات کریں ۔انہوں نے محکموں کو ہدایت دی کہ وہ بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں ۔

ڈی سی بانڈی پورہ

بانڈی پورہ کی ضلع ترقیاتی کمشنر اندو کنول چب نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں عملائی جا رہے ہیریٹیج ڈیولپمنٹ پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ پروجیکٹوں کی تیز تر عمل آوری کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ کاموں کے معیار کو بھی برقرار رکھا جانا چاہئے ۔انہوں نے مختلف محکموں کے مابین بہتر تال میل کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

مندیپ کور

مکانات وشہری ترقی محکمے کی کمشنر سیکرٹری مندیپ کور نے کل آلوچی باغ سرینگر میں زیر تعمیر جدید طرز کے ذبح خانے کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے عمل آوری ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ اس پروجیکٹ کو جلد از جلد مکمل کریں ۔بعد میں مندیپ کور ریں آلوچی باغ میں **STP** کے احاطے میں ایک شجر کاری مہم کا آغاز کیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ ۔